Music By S. D. Burman

نوکیتن پکچرز کا

काला पानी

کالا پانی

جبے چھپے ہیں جگ کلیاں

اداکاران
دیوانند - مدھوبالا
نلنی جیونت

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

کالا پانی کے گانے

گانا نمبر ۱ — آشا بھوسلے

نظر لاگی راجہ تورے بنگلے پر
جو میں ہوتی راجہ بن کی کوئلیا
کوہوک رہتی راجہ تورے بنگلے پر
جو میں ہوتی راجہ کاری بدریا
برس رہتی راجہ تورے بنگلے پر
جو میں ہوتی راجہ بیلا چمیلیا
لپٹ رہتی راجہ تورے بنگلے پر
جو میں ہوتی راجہ تمری دلہنیا
مٹک رہتی راجہ تورے بنگلے پر

گانا نمبر ۲ — رفیع

ہم بے خودی میں تم کو پکارے چلے گئے
ساگر میں زندگی کو اُتارے چلے گئے
دیکھا کئے تمہیں ہم، بن کے دیوانہ
اُترا جو نشہ تو، ہم نے یہ جانا
سارے وہ زندگی کے سہارے چلے گئے
تم تو نہ کہو ہم خود ہی سے کھیلے
ڈوبے نہیں ہمیں یوں، نشے میں اکیلے
شیشے میں آپ کو بھی اُتارے چلے گئے

گانا نمبر ۳

آشا بھونسلے

دل لگا کے تقدیر کتنی پیارے
پوچھے نا کوئی پھروں بے سہارے
بولی بولے دُنیا ساری
میں تو راجا تم سے ہاری
کیا کروں میں نندیاں واری
کوئی کچھ پکارے
کوئی کچھ پکارے

نا کوئی ساتھی
نا کوئی سہیلی
سوئیں جاگوں میں اکیلی
سونی سیجیا سونی حویلی
یہ سوچا تھا من میں لبوں کی نہارے

گانا نمبر ۴

آشا بھونسلے

جب نام محبت لے کے کسی
نادان نے دامن پھیلایا
پہلو میں عجب سا درد اُٹھا
پلکوں پہ ایک آنسو تھرایا
دل بیٹھے بیٹھے بھر آیا
کیا کہیے ہمیں کیا یاد آیا
ای جی چھوڑ و یہ ترانا ہے پرانا

اُلفت ہے دیوانوں کا فسانہ
جی لو۔ جی لو یہ ہے جینے کا زمانہ
پیار کیسا کہاں کی وفا
یاد آئی کسی کی مہکی ہوئی
سانسوں کی ہوا بھی ہلکی
وہ شام وہ رنگوں کے بادل
چُنری وہ میری ڈھلکی۔ ڈھلکی
ایک بات نے کتنا تڑپایا
کیا کہیئے ہمیں کیا یاد آیا
اجی چھوڑو یہ ترانا ہے پرانا
اُلفت ہے دیوانوں کا فسانا
جی لو۔ جی لو۔ یہ ہے جینے کا زمانا
پیار کیسا کہاں کی یہ وفا
دُنیا سے نہ رکھو اُمید وفا
جب یوں ہی کسی نے سمجھایا
کچھ اور بڑھی سینے کی جلن
کچھ اور بڑھا غم کا سایا
رہ رہ کے ہمیں رونا آیا
کیا کہیئے ہمیں کیا یاد آیا
گانا نمبر ۵
اچھا جی میں ہاری چلو مان جاؤ نا

رجوع ار استا

دیکھیں سب کی باری میرا دل جب لاگا تا
چھوٹے سے قصور پہ ایسے ہو خفا
روٹھے تو حضور تھے میری کیا خطا
دیکھو دل نا توڑو
چھوڑو ہاتھ چھوڑو
چھوڑ دیا تو ہاتھ ملو گے پیچھے
اجی پیچھے
جیون کے یہ راستے لمبے ہیں صنم
کاٹیں گے یہ زندگی بیٹھ کر کھا کے ہم
ظالم ساتھ لے کے
اچھے ہم اکیلے
چار قدم بھی چل نہ سکو گے پیچھے
ہاں پیچھے
جا اور سے رہو گے نہ تم بھی چین سے
ہم تو خیر لوٹنا جینے کے مزے
کیا کرنا ہے جی کے
ہو رہنا کسی کے
ہم نہ رہے تو یاد کرو گے پیچھے
سمجھے —

گانا نمبر ۶

میوزک ڈائرکٹر — او چھپنے والے اب تیری

چلمن کی خیر ہو

دیوانے آ گئے تیرے دامن کی خیر ہو
دل والے اب تیری گلی تک آ پہنچے
ایک آوارہ بنے ہوئے
ٹوٹا تارا بنے ہوئے
نہیں جنکے ٹھکانے
جو ہیں سب سے بیگانے
وہی تیرے دیوانے، ہاں وہی
شہروں شہروں پھرتے پھرتے
پہنچے اٹھتے گرتے ہوئے
وہ شام و سحر، تیرا دردِ جگر
لئے پھرتے تھے در در - ہاں وہی
ساتھی دل کا ساتھ لیے
ہاتھوں میں ایک ہاتھ لیے
راہوں میں گل کھلاتے
جھومتے گنگناتے
تیری نظروں کے مارے، ہاں وہی
تیرے در تک آ ہی گئے
آخر تجھ کو پا ہی گئے
جنکے گھائل ہیں دل
جنکا تو ہے قاتل

جن سے بچنا ہے مشکل
ہائی وہی
دل والے

ختم شد

لاجواب قصوں کی کتابیں

داستان امیر حمزہ	5/-/1-	گل بکاؤلی	1/-/-
داستان الف لیلیٰ	5/-/1-	گل صنوبر	-/8/-
قصہ حاتم طائی	1/8/-	طوطا مینا مکمل	1/8/-
باغ و بہار	1/4/-	نورتن	-/12/-
فسانہ عجائب	1/-/-	چمیلی بھٹیاری	-/6/-
عورت ڈرامہ	-/6/-	ایک دن کا سلطان	-/6/-
داستان بہرام سلطانہ	-/6/-	سوت کی کمائی	-/6/-
کوہ قاف کی کہانی	-/8/-	قصہ شاہ روم	-/3/-

شہادت کی کتابیں اور جنگ نامے

ذکر الشہادتین	1/-/-	شہادت نامہ کلاں	-/6/-
مجموعہ شہادت نامہ	-/12/-	شہادت نامہ خورد	-/3/-
سیدہ کا لال	1/2/-	آمنہ کا لعل	1/-/-
فاطمہ کا لعل	1/2/-	شہیدان کربلا	1/-/-
فاطمہ کا چاند	1/2/-	جنگ نامہ کربلا	1/-/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم	3/-/-	اندرجال	1/8/-
عملیات تسخیر محبوب	1/8/-	اُستاد جادوگراں	3/8/-
عملیات قلوب	2/-/-	مکمل جادوگری	2/8/-
عملیات لشمی کرن	2/-/-	چین بنگال کا جادو	-/12/-
کامروپ کا جادو	-/12/-	کالا جادو	6/-/-
ریتما جادوگری	-/6/-	اُلو تنتر	3/-/-
جادو مسمریزم	2/-/-	کوآ تنتر	4/-/-
نقش سلیمانی	1/-/-	تعویز سلیمانی	1/-/-

شعر و شاعری اور دیوان بہترین شعرا کے کلام

دیوان غالب	1/-/-	دیوان ذوق	1/-/-
دیوان ظفر	1/-/-	مسدس حالی	1/-/-
دیوان داغ	1/-/-	کلیات اقبال	5/-/-
زہر عشق	-/6/-	شعلۂ طور دیوان جگر	5/-/-
قہر عشق	-/6/-	بانگ درا اقبال	3/-/-
فریب عشق	-/12/-	ضرب کلیم	2/-/-
بال جبریل	2/-/-	تلخیاں	3/8/-
پرچھائیاں	1/6/-	آتش گل	4/-/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)